سوال

کیاخفیہ شادی کرنا جائز ہے ؟ میری سہیلی نے مسجد میں جا کر ایک گواہ کی موجودگی میں والدین کے علم کے بغیر شادی کرلی تو کیا یہ شادی قائم ہے ؟ میں جواب چاہتی ہوں اللہ تعالی آپ کو برکت سے نوازے

جواب

الحمد للہ

الحمد للہ

شادی میں ولی اور دو گواہوں کی موجودگی ضروری ہے کیونکہ حدیث شریف میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا) ۔

اور ایک حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(جو عورت بھی اپنے ولی کی اجازت کے بغیر شادی کرے اس کا نکاح باطل ہے) ۔

تو اس بنا پر ضروری ہے کہ اگر ولی اس پر راضی ہو تو دو عادل گواہوں کی موجودگی میں نکاح کی تجدید کی جائے ۔

واللہ اعلم .